پیغام



جناب آغا سراج دُرّانی

صوبائی وزیر بلدیات

یہ یقیناً میرے لیے باعث مسرت لمحہ ہے کہ رائزنگ کراچی پروگرام متعارف کروایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو معلومات اُن کے موبائل فونز پر فراہم کی جاسکے۔

رائزنگ کراچی پروگرام کے تحت مختلف شعبوں بشمول صحت، تعلیم، ٹریفک مینجمنٹ، ترقیاتی منصوبوں، فیومیگیشن کی مہم اور کراچی شہر میں وقوع پذیر ہونے والے متعدد ایونٹس کی معلومات اور پیغامات اب شہریوں تک براہ راست اُن کے موبائل فونز پر پہنچائی جائے گی جو کہ انہیں خاطر خواہ سہولت فراہم کرے گی۔

کراچی دنیا کے 12 بڑے شہروں میں شمار کیا جاتا ہے جو جدید سہولیات فراہم کرتے ہیں اور ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے موزوں ہیں۔ کراچی ایک بین الاقوامی شہر کی حیثیت سے پاکستان کا بیرونی منظر نامہ ہے اور اس کی ترقی حقیقتاً پاکستان کی ترقی ہے۔ کراچی کے انفرا اسٹرکچر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ میں ایک بار پھر کراچی کے شہریوں کو رائزنگ کراچی پروگرام کے افتتاح پر مبارک باد دیتا ہوں اور اُمید کرتا ہوں کہ وہ اس سہولت سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

(آغا سراج درّانی)

وزیر بلدیات

حکومت سندھ

RISING KARACHI